کل نمبر: 25 | اُردو (چہارم) ٹیسٹ نمبر 1 | وقت: 25 منٹ

| | |
|---|---|
| پانچواں مہینا، چوتھا ہفتہ، پانچواں دن | **سلیبس:** دُہرائی: ٹیسٹ سلیبس (چوتھا ہفتہ) |

**سوال نمبر1:** درست جواب کے گرد دائرہ لگائیں۔ (12)

1۔ کلاس میں کس کے لیے الیکشن ہو رہے تھے؟

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | مانیٹر کے لیے | (ب) | بہادر بچے کے لیے | (ج) | مقرر کے لیے | (د) | کھلاڑی کے لیے |

2۔ ووٹ ایک مقدّس ________ ہے۔

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | لڑائی | (ب) | جنگ | (ج) | امانت | (د) | جدّ وجہد |

3۔ ''دریا'' کے آخری حرف سے لفظ بنے گا:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | لانا | (ب) | انار | (ج) | لوگ | (د) | ریل |

4۔ مشورے سے مراد ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | دوسرے کی مدد کرنا | (ب) | دوسرے سے رائے لینا | (ج) | دوسرے کی عزت کرنا | (د) | دوسرے کو اہمیت دینا |

5۔ کثرتِ رائے سے جو فیصلہ ہو اُسے خوش دلی سے قبول کرنا، کہلاتا ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | جمہوری رویہ | (ب) | مثبت رویہ | (ج) | دفاعی رویہ | (د) | فکری رویہ |

6۔ ''جمہور'' کا معنی ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | عوام | (ب) | معاشرہ | (ج) | سلطنت | (د) | ملک |

7۔ ''آگ بگولا ہونا'' کا مفہوم ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | بہت اُونچا ہونا | (ب) | غصہ میں آنا | (ج) | رکاوٹ بننا | (د) | شرمندہ ہونا |

8۔ دیے ہوئے الفاظ میں سے سابقے کی نشان دہی کریں:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | باادب | (ب) | دُکان دار | (ج) | دردمند | (د) | منظور شدہ |

9۔ درست اعراب والا لفظ ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | صَلح | (ب) | صُلُح | (ج) | صَلَح | (د) | صَلّح |

☆ **مندرجہ ذیل عبارت پڑھ کر سوالات نمبر 11,10 اور 12 کے جوابات دیں۔**

**عدنان:** امی جان! ہمارے استاد صاحب نے تو کہا تھا کہ آپ ووٹ دیں گے۔

**امی جان:** استاد صاحب نے درست کہا ہے۔ ووٹ حقیقت میں رائے اور مشورہ ہی تو ہے۔

**عدنان:** امی جان! میں کس کو ووٹ دوں؟

**امّی:** بیٹا! آپ جس کو بھی ووٹ دیں اس میں چند خوبیاں ہونی چاہییں۔ پہلی بات یہ ہے کہ جس کام کے لیے اس کو ووٹ دیا جاتا ہے وہ اس کا اہل ہو۔ دوسری بات یہ ہے کہ وہ دیانت دار ہو اور لوگوں کے ساتھ ہمدردی رکھتا ہو۔



**عدنان:** امی! میں تو راشد کو ووٹ دوں گا۔ وہ بہت اچھا لڑکا ہے۔ وہ سچ بولتا ہے۔ کسی کو تنگ نہیں کرتا اور ہر لڑکے کی مدد کرتا ہے۔ جب دو لڑکے آپس میں لڑ پڑیں تو وہ دونوں میں صلح کرا دیتا ہے اور ان کو کہتا ہے کہ ہمیں لڑنا نہیں چاہیے، ہم آپس میں بھائی بھائی ہیں۔

10۔ درج بالا عبارت کس سبق سے لی گئی ہے؟

| | | | |
|---|---|---|---|
| (الف) | مثالی معلّم | (ب) | رائے کا احترام |
| (ج) | صحت وصفائی | (د) | آتے ہیں جو کام دوسروں کے |

11۔ جس کو ووٹ دیا جائے اس میں خوبیاں ہونی چاہییں:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | وہ اہل ہو | (ب) | دیانت دار ہو | (ج) | ہمدرد ہو | (د) | تمام دُرست |

12۔ عدنان ووٹ دینا چاہتا ہے:

| | | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|---|
| (الف) | علی کو | (ب) | حامد کو | (ج) | راشد کو | (د) | خلیل کو |

## حصہ دوم (13)

**سوال نمبر1:** ''کمپیوٹر'' کے عنوان پر مضمون لکھیں۔ (7)

**یا**

**سوال نمبر2:** ''احسان کا بدلہ احسان'' کے عنوان پر کہانی تحریر کریں۔

## حصہ سوم

**سوال نمبر1:** تحفے کا شکریہ ادا کرنے کے لیے چچا کے نام خط لکھیں۔ (6)